www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



# URDU

## Paper II

**Time Allowed : 75 Minutes]** **[Maximum Marks : 100**

**Note :** This paper contains **Fifty** (**50**) multiple choice questions. Each question carries **Two** (**2**) marks. Attempt *All* questions.

---

1. نجم النسا شہزادے کو تلاش کرنے کے لئے کون سا روپ بدل کر جاتی ہے؟

(A) شہزادی کا

(B) بھکارِن کا

(C) جوگن کا

(D) لڑکے کا

2. موت سے کس کو رستگاری ہے
آج وہ کل ہماری باری ہے
اس شعر کا تعلق کس مثنوی سے ہے؟

(A) گلزارِ نسیم

(B) سحرالبیان

(C) زہرِ عشق

(D) گلشنِ عشق

3. بلبلِ ہند مر گیا ہیہات
جس کی تھی بات بات میں اک بات
اس شعر میں علمِ بلاغت کا کون سا وصف موجود ہے؟

(A) تشبیہہ

(B) استعارہ

(C) تضاد

(D) حسنِ تعلیل

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



4. تشبیب کس صنف کا جزو ہے؟

(A) غزل

(B) مرثیہ

(C) قصیدہ

(D) مثنوی

5. داستان ''سب رس'' میں عقل کس ملک کا بادشاہ ہے؟

(A) ایران

(B) سیستان

(C) افغانستان

(D) عراق

6. ''سمندر کا بُلاوا'' کس کی نظم ہے؟

(A) اختر الایمان

(B) مخدوم محی الدین

(C) میرا جی

(D) فیض احمد فیض

7. پریم چند کا انتقال کس سنہ میں ہوا تھا؟

(A) 1935ء

(B) 1936ء

(C) 1937ء

(D) 1938ء

8. ذیل میں سے کون سا افسانوں کا مجموعہ راجندر سنگھ بیدی کا نہیں ہے؟

(A) نمرود کی خدائی

(B) دانہ و دام

(C) ہاتھ ہمارے قلم ہوئے

(D) اپنے دُکھ مجھے دے دو

Prepp Your Personal Exam Guide

www.prepp.in

Prepp Your Personal Exams Guide



9. ''شکستہ کنگورے'' کی صنفی حیثیت کیا ہے؟

(A) شعری مجموعہ

(B) افسانوں کا مجموعہ

(C) ناول

(D) ڈراموں کا مجموعہ

10. ذیل میں سے کون سا تذکرہ شیفتہ نے لکھا ہے؟

(A) نکات الشعراء

(B) گلشنِ بے خار

(C) گُلِ عجائب

(D) ریاض الفصحا

11. مفلسی سب بہار کھوتی ہے

مرد کا اعتبار کھوتی ہے

مندرجہ بالا شعر کس شاعر کا ہے؟

(A) قلی قطب شاہ

(B) ولی

(C) سراج

(D) میر تقی میر

12. میر تقی میر کا انتقال کس شہر میں ہوا تھا؟

(A) آگرہ

(B) دہلی

(C) عظیم آباد

(D) لکھنؤ

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



13. غالب کے خطوط کے دو مجموعوں کے کیا نام ہیں؟

(A) عود ہندی، سخندان فارس

(B) عود ہندی، چمنستانِ شاعری

(C) عود ہندی، اُردوئے معلّیٰ

(D) اُردوئے معلّیٰ، سخندانِ فارس

14. حسرت موہانی کا پورا نام کیا تھا؟

(A) سید فضیل قادری

(B) سید فضل الحسن

(C) محمد فضل خاں

(D) سید جمیل احمد

15. ذیل میں سے کن کا شمار مشہور ترقی پسند نقادوں میں ہوتا ہے؟

(A) احتشام حسین

(B) شمس الرحمٰن فاروقی

(C) گوپی چند نارنگ

(D) رشید احمد صدیقی

16. ذیل میں سے کون سی نظم نظیر اکبر آبادی کی نہیں ہے؟

(A) آدمی نامہ

(B) کلجگ

(C) بلدیو جی کا میلہ

(D) جاتری

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



17. ایسی نظم جس کے تمام مصرعے برابر کے ہوں، مگر اُن میں قافیے کی پابندی نہ ہو، اُسے کیا کہتے ہیں؟

(A) پابند نظم

(B) نظم معرّیٰ

(C) آزاد نظم

(D) نثری نظم

18. ''قیامت کے دِن جب خدا پوچھے گا کہ تو کیا لایا ہے تو میں کہوں گا کہ حالی سے مسدس لکھوا کر لایا ہوں۔'' یہ قول کس کا ہے؟

(A) مرزا اسداللہ خاں غالب

(B) نواب مصطفٰے علی خاں شیفتہ

(C) شبلی نعمانی

(D) سرسید احمد خاں

19. ہوتا ہے اُن پہ فضل جو ربِّ کریم کا
موجِ سموم بنتی ہے جھونکا نسیم کا

یہ شعر اُردو کی کس نظم سے اخذ کیا گیا ہے؟

(A) ایک آرزو

(B) دعوت انقلاب

(C) رامائن کا ایک سین

(D) مسجد قرطبہ

20. ''ابابیل'' اور ''سردار جی'' کس کے افسانے ہیں؟

(A) خواجہ احمد عباس

(B) حیات اللہ انصاری

(C) قرۃ العین حیدر

(D) کرشن چندر

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide



.21 ''غزل کی اصلاح تمام اصنافِ سخن میں سب سے زیادہ اہم اور ضروری ہے۔''
یہ خیال کس نقاد کا ہے؟

(A) کلیم الدین احمد

(B) عظمت اللہ خاں

(C) خواجہ الطاف حسین حالی

(D) شبلی نعمانی

.22 ''گنجینہ'' کس کا مجموعہ کلام ہے؟

(A) فانی

(B) فراق

(C) یگانہ

(D) شاد

.23 ''دیوانِ غالب'' کو اِلہامی کتاب کس نے قرار دیا؟

(A) رشید احمد صدیقی

(B) عبدالرحمٰن بجنوری

(C) سہا مجددی

(D) قاضی عبدالودود

.24 مافوق الفطرت عناصر شاعری کی کس صنف میں پائے جاتے ہیں؟

(A) قصیدہ

(B) مثنوی

(C) مرثیہ

(D) غزل

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



25. اُردو کی داغ بیل پنجاب میں پڑی، یہ خیال کس کا ہے؟

(A) محمد حسین آزاد

(B) محمود شیرانی

(C) نصیرالدین ہاشمی

(D) اختر اورنیوی

26. کس شاعر کا سفرِ دہلی اُن کی شاعری میں ایک اہم موڑ کی حیثیت رکھتا ہے؟

(A) قلی قطب شاہ

(B) ولی

(C) میر

(D) شاد عظیم آبادی

27. اُردو کا ہیولیٰ وادیٔ سندھ میں تیار ہوا ہوگا، یہ خیال کس کا ہے؟

(A) سید سلیمان ندوی

(B) امداد امام اثر

(C) وہاب اشرفی

(D) نصیرالدین ہاشمی

28. ذیل میں سے کون سا کردار ناول ''امراؤ جان ادا'' میں نہیں ہے؟

(A) بوا حسینی

(B) بسم اللہ

(C) عندلیب بیگم

(D) خورشید جان

www.prepp.in

Prepp Your Personal Exams Guide



29. امتیاز علی تاج نے ڈرامہ ''انارکلی'' میں کس عہد کے مشہور رومانی قصے کو ڈرامے کی شکل دی ہے؟

(A) بہمنی عہد

(B) قطب شاہی عہد

(C) مغلیہ عہد

(D) عادل شاہی عہد

30. اُردو زبان برج بھاشا سے نکلی، یہ خیال کس کا ہے؟

(A) محمد حسین آزاد

(B) محمود شیرانی

(C) مسعود حسین خاں

(D) گوپی چند نارنگ

31. مندرجہ ذیل میں سے کن کا شُمار سرسید کے رفقا میں نہیں ہوتا ہے؟

(A) ڈپٹی نذیر احمد

(B) الطاف حسین حالی

(C) شبلی نعمانی

(D) سید سلیمان ندوی

32. نظم ونثر میں کھرے کھوٹے، اچھے بُرے میں فرق کرنا اور امتیازی حیثیت متعین کرنا کس کا کام ہے؟

(A) ناول نگار کا

(B) تنقید نگار کا

(C) مرثیہ نگار کا

(D) نثری نگار کا

Prepp
Your Personal Exams Guide



33. رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' میں کس قسم کے موضوعات پر مبنی مضامین شائع ہوتے تھے؟

(A) جاسوسی

(B) معاشرتی

(C) جنسی

(D) خالص مذہبی

34. ''ہمارے قصائد کی حالت تو ناگفتہ بہ ہے، البتہ ہمارے شعرا نے مرثیہ میں ایک خاص قسم کی نمایاں ترقی ظاہر کی ہے۔'' یہ خیال اُردو کے کس نقاد کا ہے؟

(A) آل احمد سرور

(B) محمد حسین

(C) کلیم الدین احمد

(D) خواجہ الطاف حسین حالی

35. جس غزل میں ردیف نہ ہو اور شعر قافیے پر ختم ہو جاتے ہوں، اُس غزل کو کیا کہتے ہیں؟

(A) غیر مردّف غزل

(B) دوغزلہ

(C) سہ غزلہ

(D) بیت الغزل

36. ڈرامہ ''آگرہ بازار'' کے تخلیق کار ذیل میں سے کون ہیں؟

(A) حبیب تنویر

(B) محمد حسین

(C) امتیاز علی تاج

(D) آغا حشر

www.prepp.in



37. ڈرامے کو زندگی کی نقالی کس نے کہا ہے؟

(A) افلاطون

(B) ارسطو

(C) آل احمد سرور

(D) احتشام حسین

38. افسانہ ''آخری کوشش'' کے تخلیق کار کون ہیں؟

(A) عصمت چغتائی

(B) خواجہ احمد عباس

(C) قرۃ العین حیدر

(D) حیات اللہ انصاری

39. ''فسانہء آزاد'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) رتن ناتھ سرشار

(B) رجب علی بیگ سرور

(C) محمد حسین آزاد

(D) ابوالکلام آزاد

40. شاہزادہ بے نظیر کو کون پری اُڑا کر لے جاتی ہے؟

(A) ماہ رُخ

(B) مہ جبیں

(C) ماہ طلعت

(D) ماہ پارہ

41. ''نیا عہد نامہ'' کس کا مجموعہ کلام ہے؟

(A) جگر مرادآبادی

(B) جذبی

(C) یگانہ

(D) خلیل الرحمن اعظمی

42. نعتیہ قصائد میں کس شاعر نے نام پیدا کیا؟

(A) محسن کاکوروی

(B) سودا

(C) ذوق

(D) غالب

43. محی الدین قادری زورکون تھے؟

(A) ممتاز شاعر

(B) نامور ناول نگار

(C) ماہرلسانیات اور محقق

(D) داستان گو

44. پراکرتوں کی پانچ واضح شکلوں میں کون شامل نہیں ہے؟

(A) مہاراشٹر

(B) شورسینی

(C) ماگدھی

(D) سندھی

45. 'دشمن' کس ناول کا کردار ہے؟

(A) ایک چادر میلی سی

(B) ٹیڑھی لکیر

(C) گؤدان

(D) آگ کا دریا

46. ذیل میں سے کون سا افسانہ راجندر سینگھ بیدی کا نہیں ہے؟

(A) لمبی لڑکی

(B) متھن

(C) مہالکشمی کا پُل

(D) بھولا

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



47. ''شعلہ وشبنم'' اور ''حرف وحکایت'' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(A) فیض

(B) جوش

(C) اقبال

(D) مخدوم

48. منوہر اور مدمالتی کس مثنوی کے کردار ہیں؟

(A) سیف الملوک وبدیع الجمال

(B) نوسرہار

(C) قطب مشتری

(D) گلشنِ عشق

49. ذیل میں سے کون سی کتاب سرسید کی تصنیف نہیں ہے؟

(A) آثارالصنادید

(B) ابن الوقت

(C) اسباب بغاوت ہند

(D) سرکشی ضلع بجنور

50. ذیل میں سے کون سی تصنیف رشید احمد صدیقی کی ہے؟

(A) گذشتہ لکھنؤ

(B) یادوں کے چراغ

(C) آشفتہ بیانی پری

(D) آندھی میں چراغ

www.prepp.in



## ROUGH WORK

Your Personal Exam Guide

www.prepp.in



**ROUGH WORK**

Your Personal Exam Guide